پریس ریلیز

LGH/PGMI/AMC

Zahid Ph: 0304-4040225

جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج میں ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے زیر اہتمام سالانہ انٹر کالجیٹ چیمپئن شپ

دین اسلام مرد و خواتین میں تفریق نہیں کرتا ، دونوں کو مساوی حقوق حاصل ہیں

ملازمت پیشہ خواتین ہی نہیں ،مرد حضرات بھی ہراسمنٹ کی شکایت وفاقی محتسب کو کرنے کا حق رکھتے ہیں: کشمالہ طارق

تمام سرکاری و نجی دفاتر ہراسمنٹ کمیٹیاں تشکیل دیں، آگاہی کیلئے بینرز آویزاں کریں: وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی

وقت کے ساتھ ساتھ خواتین میں حقوق کی آگاہی میں خاطر خواہ بہتری آئی :پرنسپل پی جی ایم آئی

میڈیکل سٹوڈنٹس کا معاشرے میں خواتین کے کردار پر مباحثے میں اظہار خیال

لاہور 24 فروری...... جنرل ہسپتال سے منسلک امیر الدین میڈیکل کالج (پی جی ایم آئی) کی ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے زیر اہتمام آٹھویں سالانہ انٹر کالجیٹ مباحثوں کی چیمپئن شپ کا انعقاد ہوا جس کی مہمان خصوصی وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی کشمالہ طارق تھیں۔ اس موقع پر پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ پروفیسر سردار محمد الفرید ظفر، پروفیسر محمد نذیر، پروفیسر منیزہ سعید، ایم ایس ڈاکٹر علی رزاق، ایڈیشنل ڈین ڈاکٹر بشریٰ سہیل، ڈاکٹرز اور سٹوڈنٹس بڑی تعداد میں موجود تھے۔

مہمان خصوصی کشمالہ طارق نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دین اسلام مرد و خواتین میں تفریق نہیں کرتا بلکہ دونوں کو مساوی انسانی حقوق حاصل ہیں اور ہمیں اپنے دین کی پیروی کرتے ہوئے ملک کی ترقی و خوشحالی کیلئے خواتین کو آگے لانا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک کی نصف سے زائد آبادی کو نظر انداز کر کے قوم ترقی نہیں کر سکتی۔ ملازمت کی جگہ خواتین کو تحفظ فراہم کرنا اولین ترجیح ہے تاہم ورکنگ خواتین کی ہراسمنٹ معاشرے کا اہم مسئلہ ہے، صرف خواتین ہی نہیں بعض اوقات مرد حضرات کو بھی ہراسمنٹ کا سامنا کرنا پڑتا ہے لہٰذا دونوں وفاقی محتسب کو شکایت کرنے کا حق رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سرکاری و نجی دفاتر کو پابند بنایا گیا ہے کہ وہ ہراسمنٹ کمیٹیاں تشکیل دیں، آگاہی کیلئے بینرز آویزاں کریں۔

پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا وقت کے ساتھ ساتھ خواتین میں حقوق کی آگاہی میں خاطر خواہ بہتری آئی جس کا کریڈٹ میڈیا کو جاتا ہے۔ انہوں نے طلباو طالبات پر زور دیا کہ وہ انسانی حقوق کی پاسداری میں اپنا کردار ادا کریں۔ انہوں نے کہا کہ امیر الدین میڈیکل کالج کے طلباو طالبات نے تدریس کے ساتھ ساتھ ہمیشہ ہم نصابی سرگرمیوں میں بھی بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ہے اور اس سلسلے میں ڈیبیٹنگ سوسائٹی کا کردار انتہاء لائق تحسین ہے۔ انہوں نے آٹھویں انٹر کالجیٹ چیمپئن شپ کے شرکاء کو مبارکباد دی اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

امیر الدین میڈیکل کالج کی ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے صدر عبدالرافع نے اس چیمپئن شپ کے شرکاء کو تفصیل بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ فائنل مقابلوں میں حارث طاہر، ذیشان ڈوگر، عمر شفیق، اویس بٹ، ساویہ، رانا عمر، دانش چوہان اور رانا علیان پہنچے ہیں، ڈیبیٹنگ سوسائٹی کے سٹاف صدر ڈاکٹر محمد نذیر، ایگزیکٹو کونسل صدر عبدالرافع، نائب صدر حمزہ توحید اور فنانس سیکرٹری حارث طاہر نے بھی گفتگو کی اور بتایا کہ خواتین کو با اختیار بنانے سے متعلق 15 مباحثے منعقد ہو چکے ہیں جن میں مختلف کالجز کے طلباء و طالبات بھرپور شرکت کر رہے ہیں۔ مہمان خصوصی نے تقریب کے اختتام پر طلباء و طالبات میں سرٹیفکیٹس تقسیم کئے۔

☆☆☆☆☆

وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسانی کشمالہ طارق کا پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر اور اے ایم سی طلباء کے ساتھ گروپ فوٹو